ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((38

17-01-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی کھلی کچہری، 26 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیکر شہریوں کے سامنے درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے، ڈی پی او محمد فیصل کامران

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، 26 شہریوں نے شرکت کی۔ کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جا سکے۔ ڈی پی او نے دوران کال افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے، عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی جانب سے اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (39)

17-01-2022

بہاول پور() پولیس کی شراب فروشوں، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں، پیشہ ور بھکاریوں اور نیشنل ایکشن پلان کے تحت مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔قانون شکنی کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔تھانہ سٹی احمد پور، ڈیراور، عنایتی، بغداد الجدید، مسافر خانہ اور صدر احمد پور نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان ساجد، منیر عرف مونی، خلیل الرحمان، افضال، اللہ بخش، احسن اور تنویر کو گرفتار کر لیا۔جن کے قبضہ سے 342 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ پولیس تھانہ کوتوالی نے بھکاریوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان حمید اور شیدی عرف ٹیڈی کو گرفتار کر لیا۔ پولیس تھانہ سٹی احمد پور اور سٹی حاصل پور نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان مجاہد اور عامر کو گرفتار کر کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے پولیس تھانہ چنی گوٹھ، بغداد الجدید اور خیر پور ٹامیوالی نے ملزمان اسماعیل، عمران، شہزاد، سجاد، زاہد، افتخار، امجد اور مظفر کو ساؤنڈ سسٹم ایکٹ اور وال چاکنگ ایکٹ کے تحت گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف متعلقہ پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس